ماحولیات

سبق نمبر	عنوان	مہارتیں	عملی کام
6	ماحولیات	خود احتسابی اور مفاہمت موثر ترسیل تجزیاتی اور تخلیقی سوچ مسائل کا حل اور فیصلہ لینا تناؤ سے بچنا	اس بات کی بیداری پیدا کرنا کہ آلودگی کی وجہ سے ماحول گندہ اور خراب ہوتا ہے۔

خلاصہ

ماحول میں ایسی چیزوں کا شامل ہوجانا جن سے ماحول میں ملاوٹ پیدا ہوجائے آلودگی کہلاتا ہے۔آلودگی پیدا کرنے والی چیزوں کو آلودگی عناصر کہتے ہیں۔ گرد، دھول، کوڑا کرکٹ، کیمیائی مادے اور کارخانوں سے نکلنے والا کچرا یہ عام آلودگی عناصر ہیں۔آلودگی چار قسم کی ہوتی ہے۔

ہوا۔پانی۔مٹی اور شور کی آلودگی

ہوا کی آلودگی: ماحول میں آتش فشاں کی گیسوں، جنگلات کی آگ، گرد اور دھول سے ہوا کی آلودگی پیدا ہوتی ہے۔انسان سرگرمیوں سے گھریلو کوڑے کرکٹ کو جلانا، کوئلہ جلانا، گاڑیوں سے نکلنے والے دھوئیں اور فیکٹریوں سے نکلنے والے دھوئیں سے بھی ہوا کی آلودگی پیدا ہوتی ہے۔ہوا کی آلودگی کو ایندھن کے طور پر بایوگیس کے استعمال، سولر کوکر کے استعمال اور گاڑیوں میں CNG کے استعمال سے کنٹرول کیا جاسکتا ہے۔

پانی کی آلودگی: گھریلو، کارخانوں، زراعتی کوڑا کچرا اور تیل کے پھیلنے سے پانی کی آلودگی پیدا ہوتی ہے۔ پانی کی آلودگی کو کنٹرول کرنے کے لئے سیویج کا پانی، گھریلو اور کارخانوں کا کوڑا کچرا ندیوں، تالابوں اور دوسرے پانی کے ذرائع میں نہ ڈالیں۔مستقبل کے لئے بارش کے پانی کو ضائع ہونے سے بچانا چاہیے۔

مٹی کی آلودگی: کیمیائی مادوں، دھاتوں اور دوسرے کوڑے کچرے کے ناقص بندوبست کی وجہ سے مٹی کی آلودگی پیدا ہوتی ہے۔کھلی جگہوں میں پیشاب پاخانہ اور تھوکنے سے بھی مٹی کی آلودگی پیدا ہوتی ہے۔کیونکہ اس کی وجہ سے مٹی میں جراثیم اور کیڑے مکوڑوں کی افزائش شروع ہوجاتی ہے۔اور مٹی خراب ہوجاتی ہے مٹی کی آلودگی کو بیکار چیزوں کے دوبارہ استعمال کھاد بنا کر اور انسی نریٹر کا استعمال کر کے روکا جاسکتا ہے۔

شور کی آلودگی: گاڑیوں کے شور، لاؤڈ اسپیکر کا استعمال اور مشینوں سے شور کی آلودگی پیدا ہوتی ہے۔لاؤڈ اسپیکر کا استعمال نہ کر کے گاڑیوں میں سائیلنسر استعمال کر کے اور ہارن کا حسب ضرورت استعمال کر کے شور کی آلودگی کو روکا جاسکتا ہے۔

اہم نکات

- ہوا، پانی مٹی اور شور کی آلودگی سے انسان، جانور، پیڑ پودے اور ماحول بہت زیادہ متاثر ہوتے ہیں۔
- آلودگی کی وجہ سے انسانوں اور جانوروں میں مختلف قسم کی بیماریاں پیدا ہو جاتی ہیں۔
- کارخانوں کا کوڑا کچرا ہر قسم کی آلودگی کا ذمے دار ہے۔
- شور کی آلودگی سے انسانوں اور جانوروں پر بُرا اثر پڑتا ہے۔



کیا آپ جانتے ہیں؟

سگریٹ کا دھواں

ماحول میں 80% سگریٹ کا دھواں ہوتا ہے۔ جو ہوا کو آلودہ کرتا ہے اور غیر محسوس طریقے سے دوسرے لوگوں کی ناک میں بھی جاتا ہے۔

چولھے کا دھواں

کوئلوں کے چولھے سے نکلنے والے دھوئیں سے نقصان دہ گیسیں نکلتی ہیں جو کھانا پکانے والے کو نقصان پہنچاتی ہیں اس کی وجہ سے پھیپھڑے کی اور دوسری بیماریاں پیدا ہو سکتی ہیں۔

کارخانوں کا کوڑا کچرا

کارخانوں سے نکلنے والا کیمیکلز سے بھرا ہوا کوڑا کچرا ہوا، پانی اور مٹی کو آلودہ کرتا ہے۔ یہ کیمیکلز ماحول میں موجود مادوں سے مل کر ری ایکشن

اپنی سوجھ بوجھ بڑھائیں

آلودگی قدرتی طور پر اور انسانی سرگرمیوں دونوں طریقوں سے پیدا ہوتی ہے۔
مگر انسانی سرگرمیوں سے پیدا ہونے والی آلودگی کو کسی حد تک کنٹرول کیا جا سکتا ہے اور ہر فرد کی ذمہ داری ہے کہ وہ اسے کنٹرول کرنے میں مدد کرے۔

اہم باتیں جاننے کے لیے

ہوا کی آلودگی پیدا کرتی ہے

- آنکھوں کی بیماریاں۔
- پیداوار میں کمی۔
- دھند کی وجہ سے صاف دکھائی نہ دینا۔
- سانس کی نلی میں انفیکشن۔
- درجہ حرارت کا بڑھنا۔
- ہریالی اور قدرتی حسن کی تباہی۔

پانی کی آلودگی کی وجہ سے پیدا ہوتی ہیں

- پانی کے ذریعے پیدا ہونے والی بیماریاں مثلاً ہیضہ، ٹائیفائڈ، دست اور الٹی، آنتوں کی بیماری۔
- جلد کی بیماریاں
- پانی میں رہنے والے جانوروں، پیڑ پودوں اور سمندری گھاس وغیرہ متاثر ہوتے ہیں۔

مٹی کی آلودگی کی وجہ سے پیدا ہوتی ہیں

- مٹی کا خراب ہونا۔
- مختلف بیماریاں اگر مٹی براہ راست یا کسی اور طریقے سے پیٹ میں چلی جائے یا مٹی پر ننگے پاؤں چلنا۔
- کم اور ناقص اور پیداوار۔
- پیڑ پودوں کا کیمیکلز کو جذب کرنا۔

کرتے ہیں جس کے نتیجے میں خطرناک تیزابی ردعمل ہوتا ہے جو انسانوں، جانوروں، پیڑ پودوں اور خورد عضویات کو بہت زیادہ نقصان پہنچاتا ہے۔ اس طرح ماحولیاتی نظام متاثر ہو جاتا ہے۔

- ان پیڑ پودوں کے استعمال سے انسانوں اور جانوروں میں مختلف قسم کی بیماریاں پیدا ہونا۔

شور کی آلودگی کی وجہ سے پیدا ہوتی ہیں

- اعصابی تکان
- سر درد
- بہرہ پن
- کان کے پردے میں خرابی

اپنی معلومات میں اضافہ کیجیے

کھاد گھر میں بنائی جاسکتی ہے۔ اور اسے گھر کی باغبانی میں استعمال کیا جاسکتا ہے۔ کھاد بنانے کا عمل گھریلوں کوڑے کچرے کو کم کرتا ہے اور قدرتی کچرے کا دوبارہ استعمال بھی ہے۔

اپنی جانچ کیجیے

1. اپنے علاقے کے کنوئیں کا پانی پینے سے آپ کی بستی میں ٹائیفائڈ پھیل رہا ہے۔ آپ کنوئیں کے پانی کو پینے کے قابل صاف بنانے کے لئے کیا اقدام کریں گے؟
2. چولہے پر کھانا پکاتے وقت نکلنے والے دھوئیں سے آپ کی ماں کو کھانسی ہوگئی ہے۔ آپ انہیں بغیر دھوئیں والے کھانا پکانے کے دو طریقے بتائیے؟

اپنے نمبر بڑھائیے

درسی کتاب میں دی گئی مختلف قسم کی آلودگی کو غور سے پڑھیے۔ سبق کو اچھی طرح سمجھنے کے لئے کتاب میں دیئے گئے ڈائیگرام سے مدد لیجیے